# حساب کے معمے

سوال 1۔ اگر تین بلیاں تین منٹ میں تین چوہے پکڑتی ہیں۔ تو کتنی بلیاں سو منٹ میں سو چوہے پکڑیں گی ؟

**2** ۔ ایک ٹوکری میں برابر کی کچھہ لکڑیاں پڑی ہوئی تھیں۔ صائمہ نے ان میں سے چند لکڑیاں اٹھائیں اور ان سے ایک مثلث (ٹرائینگل ) بنا لیا۔ نبیل نے بھی چند لکڑیاں اٹھائیں اور ان سے ایک مربع (سکویر) بنایا۔ ٹوکری اب خالی ہوگئ۔ بتائیے لکڑیا ں اٹھائ جانے سے پہلے ٹوکری میں کتنی لکڑیاں تھیں؟

**3**- میں د س سے بڑا نمبر ہوں مگر بیسس سے چھوٹا۔ میں دو ہندسوں سے بنتا ہوں۔ دونوں ہندسے ایک ہیں (مثلاً 5 اور 5 ) بتائیے میں کون سا نمبر ہوں۔

**4**۔ ایک ڈبے میں بیس مٹھائیاں **ہیں۔** آپ نے ان میں سے پانچ اٹھالیں۔ بتائیے اب آپ کے پاس کتنی مٹھائیاں ہیں ؟

**5**- ایک ایسا ہندسہ ہے جسے کسی بھی نمبر کے ساتھ ضرب دیں ، نمبر وہی ہندسہ بن جاتا ہے۔ بتائیے وہ کون سا ہندسہ ہے ؟

**6**- میری کلاس میں بیس بچے ہیں۔ بتائیے بچوں کے سیدھے ہاتھ میں کتنی انگلیاں ہوتی ہیں ؟ بتائیے میری کلاس کے بچوں کے بائیں ہاتھوں میں کُل کتنی انگلیاں ہیں؟

**7**- میری امی اور ان کی بہن کی عمریں ملا کر کُل ستر سال ہیں۔ میری امی اپنی بہن سے دس سال بڑی ہیں۔ بتائیے اُن دونوں کی عمریں کیا ہیں؟

**8**- نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے:

5000 x 1= ; 5000 x 0=

**9** - ہمارے گھر میں پالتو کتے اور طوطے ہیں۔ ان سب کی ملا کر بارہ ٹانگیں ہیں۔ اور اٹھ سر ہیں َ۔ بتائیے یہ کُل کتنے جانور ہیں؟

10 چند لڑکیوں نے مل کر پک نک کا انتظام کیا۔ ان میں سے تین لڑکیاں جو پیلے لباس میں تھیں انہوں نے اکیس روپیے جمع کیے۔ دس لڑکیاں نیلے لباس میں تھیں َ ۔ ان میں سے ہر لڑکی نے پیلے لباس والی ایک لڑکی سے ایک روپیہ کم جمع کیا۔ بتائیے کہ نیلے لباس والی لڑکیوں نے کتنی رقم جمع کی؟

**********

**جواب**

**1**- ایک سو بلیاںَ

**2** - سائمہ نے ٹرائنگل بنانے کے لیے تین لکڑیاں لیں۔ نبیل نے سکوئیر بنانے کے لیے چار لکڑیاں لیں۔ اب ٹوکری خالی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ٹوکری میں سات لکڑیاں تھیں۔

**3** - میں 11 ہوں -

**4** - آپ کے پاس پانچ مٹھیاں ہیں۔

**5**- وہ ہندسہ صفر (0) ہے۔

**6**- بچوں کے سیدھے ہاتھ میں پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔ بیس بچوں کےسیدھے ہاتھوں میں کُل 100 انگلیاں ہیںَ۔

**7**- دونوں بہنوں کی مجموعی عمر70 برس ہے۔ اب اس میں سے دس برس نکال دیجیے۔ اب ان کی مجموعی عمر ساٹھ برس رہ گئ۔ چھوٹی بہن کی عمر تیس برس ہے۔ بڑی بہن جو ان سے دس بڑی ہیں، ان کی عمر میں اب دس سال اور لگا دیجیے۔ جس کا مطلب ہے کہ وہ چالیس برس کی ہیں۔

**8** - 5000 x 1= 5000; 5000 x 0= 0

**9** آٹھ جانور، کیونکہ **ہر** جانور کا ایک سر ہوتا ہے۔

**10** 60 **روپیے۔**

**********